Watch Video Explanation of these notes on our website: www.LastHopeStudy.Com

تَرۡجَمَۃُ الۡقُرۡاٰنِ الۡمَجِیۡد

برائے جماعت دہم

سُوۡرَۃُ الرَّعۡدِ

LAST HOPE STUDY
Download All Subjects Notes from website www.lasthopestudy.com
www.LastHopeStudy.com
Last Hope Study

درست جواب کا انتخاب کریں۔

(i) مُعَقِّبٰتٌ کا معنی ہے:

(الف) پیچھے آنے والے (ب) حساب کرنے والے (ج) سزا دینے والے (د) سوال کرنے والے

(ii) انفاق فی سبیل اللہ سے مراد ہے:

(الف) اللہ تعالیٰ کے راستے میں خرچ کرنا (ب) تجارت کے لیے خرچ کرنا

(ج) ضروریات کے لیے خرچ کرنا (د) سیر و تفریح کے لیے خرچ کرنا

(iii) منکرینِ حق نے ہر دور میں انبیائے کرام علیہم السلام کے ساتھ کیا:

(الف) مکر و فریب (ب) عدل و انصاف (ج) حسنِ سلوک (د) صبر و شکر

(iv) رعد سے مراد ہے:

(الف) بادلوں کی گرج (ب) ہواؤں کا شور (ج) تیز بارش (د) سرخ آندھی

(v) سُوۡرَۃُ الرَّعۡدِ کے آغاز میں بیان ہے:

(الف) اللہ تعالیٰ کی قدرتِ کاملہ کا (ب) قیامت کی نشانیوں کا

(ج) حشر کے احوال کا (د) عذابِ الٰہی کا

مختصر جواب دیں۔

(i) رعد سے کیا مراد ہے؟

(ii) سُوۡرَۃُ الرَّعۡدِ کے کتنے رکوع اور آیات ہیں؟

(iii) سُوۡرَۃُ الرَّعۡدِ کا مرکزی موضوع بیان کریں۔

(iv) اہلِ ایمان کی دو صفات بیان کریں۔

(v) اللہ تعالیٰ نے نبی کریم خاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی زبان سے جو اعلان کروائے ان میں سے کوئی سے تین لکھیں۔

(i) رعد سے کیا مراد ہے؟

جواب: رعد سے مراد بادلوں کی گرج ہے، جو اللہ تعالیٰ کی حمد کے ساتھ تسبیح کرتی ہے اور فرشتے بھی اس کے خوف سے تسبیح بیان کرتے ہیں۔

Watch video explanation of these notes on our YouTube Channel Last Hope Study

Watch Video Explanation of these notes on our website: www.LastHopeStudy.Com

(ii) سُوْرَۃُ الرَّعْدِ کے کتنے رکوع اور آیات ہیں؟

جواب: سُوْرَۃُ الرَّعْدِ میں چھے (6) رکوع اور تینتالیس (43) آیات ہیں۔

(iii) سُوْرَۃُ الرَّعْدِ کا مرکزی موضوع بیان کریں۔

جواب: اس سورت مبارکہ کا مرکزی موضوع اللہ تعالیٰ کی قدرتِ کاملہ، کامل علم اور رسالت کے تقاضوں کا بیان ہے۔

(iv) اہلِ ایمان کی دو صفات بیان کریں۔

جواب: سُوْرَۃُ الرَّعْدِ میں صاحبِ ایمان اور صاحبِ بصیرت لوگوں کی صفات بیان ہوئی ہیں۔

(i) یہ لوگ نصیحت حاصل کرتے ہیں۔
(ii) وعدہ پورا کرتے ہیں۔
(iii) صلہ رحمی کرتے ہیں۔
(iv) خوفِ الٰہی رکھتے ہیں۔
(v) آخرت کے عذاب سے ڈرتے ہیں۔
(vi) صبر کرتے ہوئے رضائے الٰہی کے طالب رہتے ہیں۔
(vii) نماز قائم کرتے ہیں۔
(viii) انفاق فی سبیل اللہ یعنی اللہ تعالیٰ کے راستے میں خرچ کرتے ہیں اور نیکی کی اتباع کرتے ہیں۔

(v) اللہ تعالیٰ نے نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ عَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی زبان سے جو اعلان کروائے ان میں سے کوئی سے تین لکھیں۔

جواب: آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ عَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ اعلان فرما دیجیے کہ:

(i) میں اللہ تعالیٰ کی عبادت کرتا ہوں اور اس کے ساتھ کسی کو شریک نہیں ٹھہراتا۔
(ii) میں اسی کو پکارتا ہوں اور اسی کی طرف لوٹ کر جانا ہے۔
(iii) قرآن مجید کو ہم نے نازل کیا ہے، آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ عَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ اس کی ہی اتباع کریں۔

Last Hope Study

تفصیلی جواب دیں۔

سُوْرَۃُ الرَّعْدِ کے مضامین پر تفصیلی نوٹ لکھیں۔

جواب: **سُوْرَۃُ الرَّعْدِ کے بنیادی مضامین**

سُوْرَۃُ الرَّعْدِ کے آغاز میں اللہ تعالیٰ کی قدرتِ کاملہ کے دلائل بیان کیے گئے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے آسمان کو بغیر ستونوں کے کھڑا کیا۔ سورج اور چاند انسان کے لیے مسخر کر دیے۔ زمین کو بچھونا بنایا، اس کے اندر پہاڑوں اور نہروں کا حسین امتزاج رکھا۔ ہر چیز کا جوڑا جوڑا بنایا، ایک ہی زمین اور ایک ہی طرح کے پانی کے باوجود ہر درخت کا پھل، ذائقہ اور تاثیر جدا جدا بنائی۔

انسانوں کو نصیحت

انسانوں کو نصیحت کی گئی ہے کہ اس میں غور و فکر کریں اور اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کریں۔

اللہ تعالیٰ کے کامل علم کا بیان

سُوْرَۃُ الرَّعْدِ میں اللہ تعالیٰ کے کامل علم کا بیان ہے۔ ہر چیز کا علم اللہ تعالیٰ کے پاس ہے۔ وہ ہر غیب اور حاضر کو جاننے والا ہے، تم کوئی بات چھپاؤ یا ظاہر کرو، سب کچھ اس کے علم میں ہے۔

www.LastHopeStudy.com

Watch video Explanation of these notes on our YouTube Channel Last Hope Study

Watch Video Explanation of these notes on our website: www.LastHopeStudy.Com

اللہ تعالیٰ کے حکم سے انسان کی حفاظت

اللہ تعالیٰ نے ہر انسان کے آگے اور پیچھے پہرے دار مقرر کر رکھے ہیں، جو اللہ تعالیٰ کے حکم سے انسان کی حفاظت کرتے ہیں۔ ان فرشتوں کو مُعَقِّبٰتٌ کہا گیا ہے۔

حدیثِ مبارکہ کی روشنی میں

نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ عَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے فرمایا کہ:

فرشتے آگے پیچھے زمین پر آتے جاتے رہتے ہیں، کچھ فرشتے رات کے ہیں اور کچھ دن کے اور یہ سب فجر اور عصر کی نماز میں جمع ہو جاتے ہیں۔ (صحیح بخاری: 3223)

سُوْرَۃُ الرَّعْدِ میں صاحبِ ایمان اور صاحبِ بصیرت لوگوں کی صفات

سُوْرَۃُ الرَّعْدِ میں صاحبِ ایمان اور صاحبِ بصیرت لوگوں کی صفات بیان ہوئی ہیں۔ یہ لوگ نصیحت حاصل کرتے ہیں، وعدہ پورا کرتے

www.LastHopeStudy.com

Last Hope Study

Watch video explanation of these notes on our YouTube Channel Last Hope Study